# Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

## پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

17 نومبر 2023

### پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کی جانب سے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کو متنازعہ عدالتی کارروائی کے ذریعے انصاف سے محروم کئے جانے کی شدید مذمت

- چیئرمین عمران خان کو جبر و انتقام کا نشانہ بنانے کیلئے جھوٹے مقدمات کے نمائشی ٹرائلز میں تیزی لانے اور انصاف کے بنیادی حق سے محروم کرنے کیلئے ٹرائل کو غیر معمولی سست روی کا شکار کرنے یا محفوظ فیصلوں کے ذریعے ان پر انصاف کے دروازے بند کرنے کی بھی شدید مذمت
- چیئرمین عمران خان کی محترمہ اہلیہ کیخلاف برپا جھوٹی اور نفرت انگیز پراپیگنڈہ مہم اور اہلِ خانہ کی قابلِ مذمت ہراسگی چیئرمین عمران خان کو اصولوں پر سمجھوتہ کرنے اور اپنی فقید المثال اصولی سیاسی جدوجہد سے دستبرداری پر مجبور کرنے کی مایوس کن کوششیں قرار

### انتخابات کی تاریخ کے اعلان کے باوجود ملک میں پرامن سیاسی سرگرمیوں پر ماورائے قانون پابندیاں اور تحریک انصاف کے ذمہ داران اور کارکنان کیخلاف انتقامی کارروائیوں میں تیزی جمہوریت کے قتل کا منصوبہ قرار

- مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل علی نواز اعوان، اکبر خان تنولی، ملک عامر سمیت اغواء برائے بیان کیلئے جبری طور پر لاپتہ کئے گئے تمام کارکنان اور ذمہ داران کی فوری بازیابی و رہائی کا مطالبہ
- جیلوں میں قید سینئر قائدین اور مرد و خواتین کارکنان کے حوصلے، ہمّت، استقامت اور ثابت قدمی کو زبردست خراجِ تحسین پیش

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Media Department**

## الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے تحریک انصاف کو "بلّے" کے نشان کی فراہمی کے بنیادی قانونی و جمہوری حق سے محروم کرنے کی کوششیں انتخابات کی شفافیت کیخلاف سنگین نوعیّت کا شر انگیز منصوبہ قرار

- قومی مجرم اور عدالتوں سے سزا یافتہ شخص کیلئے دستور، قانون اور جمہوریت کی لاشیں بچھا کر لندن معاہدے کے تحت اقتدار تک رسائی کی راہ ہموار کرنے کی ریاستی کوششیں داخلی استحکام، معاشی بحالی اور قومی ہم آہنگی و سلامتی کیلئے تباہ کن قرار

## انتخابات میں تحریک انصاف کی بدترین ریاستی جبر و فسطائیت کے باوجود شرکت اور امیدواروں کے تعیّن کی حکمتِ عملی پر بھی سیر حاصل گفتگو

- ظلم و جبر اور ماورائے دستور، قانون اور جمہوریت تحریک انصاف کو انتخابات سے بے دخل کرنے کی ریاستی کوششوں کا ہر ممکن سیاسی، قانونی اور جمہوری انداز میں مقابلہ کرنے کے عزم کا اعادہ
- خوف اور طاقت کے بے جا استعمال سے عوام کو مایوس کرنے اور انہیں انتخابی عمل میں حصہ لینے سے روک کر ٹرن آؤٹ میں کمی لانے کی ریاستی کوششوں کی بھرپور مزاحمت کا بھی فیصلہ
- فلسطین میں اسرائیل کے مجرمانہ جنگی جرائم کی سنگینی، اقوامِ عالم خصوصاً امتِ مسلمہ اور اقوامِ متحدہ کے جنگی بندی اور انسانیت سوز مظالم کے انسداد میں کردار پر نہایت افسوس کا اظہار

## اہلِ فلسطین کی مکمل سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھنے اور اسرائیل کو جنگ بندی پر مجبور کرنے کے ساتھ جنگی جرائم کے ارتکاب پر عالمی عدالتِ انصاف کے ذریعے اس کے کڑے محاسبے کے مطالبے کا بھی اعادہ

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ